صدائے حسینی
Sada-E-Hussaini

# نجی یونیورسٹیوں کے قیام پر سپریم کورٹ سخت

## تلنگانہ حکومت سپریم کورٹ میں حلف نامہ داخل کرے گی




حیدرآباد۔/ 19 جولائی (سفیر نیوز/ صدائے حسینی) سپریم کورٹ آف انڈیا نے ملک بھر میں نجی یونیورسٹیوں کے قیام، ان کے مقاصد، انتظامی ڈھانچے، تدریسی معیار اور مالی شفافیت پر سخت موقف اختیار کرتے ہوئے تمام ریاستی حکومتوں کو تفصیلی حلف نامہ (Affidavit) داخل کرنے کی ہدایت دی ہے۔ سپریم کورٹ نے "عائشہ جین بنام یونین آف انڈیا" مقدمہ کی سماعت کے دوران موصول ہونے والی متعدد شکایات کا جائزہ لینے کے بعد نجی یونیورسٹیوں کے معائنے کا حکم دیا۔ عدالت نے کہا کہ کئی نجی یونیورسٹیاں من مانی انداز میں کام کر رہی ہیں، اس لیے ان کے قیام کے مقصد سے لے کر تعلیمی معیار تک ہر پہلو کا تفصیلی جائزہ لیا جائے۔ سپریم کورٹ کی ہدایات پر عمل کرتے ہوئے تلنگانہ حکومت نے کمشنر آف کالجیٹ ایجوکیشن (CCE) کی سربراہی میں ایک اعلیٰ سطحی کمیٹی تشکیل دی ہے۔ اس کمیٹی میں تلنگانہ کونسل آف ہائر ایجوکیشن (TGCHE) کے سیکریٹری بطور کنوینر، جے این ٹی یو کے رجسٹرار بطور ممبر کنوینر، پالمورو یونیورسٹی کے رجسٹرار، عثمانیہ یونیورسٹی کے چیف فنانس اینڈ اکاؤنٹس آفیسر اور محکمہ تکنیکی تعلیم کے اسسٹنٹ ڈائریکٹر (اکیڈمک) بطور اراکین شامل ہیں۔ ضرورت پڑنے پر کسی مضمون کے ماہر کو بھی شامل کیا جا سکے گا۔ یہ کمیٹی ریاست کی تمام نجی یونیورسٹیوں کا معائنہ کر رہی ہے اور سپریم کورٹ کی جانب سے مقرر کردہ نو اہم نکات پر تفصیلی رپورٹ تیار کر رہی ہے، جس کی بنیاد پر حکومت سپریم کورٹ میں حلف نامہ داخل کرے گی۔ سپریم کورٹ نے 9 نکات پر وضاحت طلب کی ہے جن میں یونیورسٹی کے قیام کا مقصد کیا تھا؟ کیا قیام سے قبل فزیبلٹی اسٹڈی اور پالیسی جائزہ لیا گیا؟، کیا ریاستی حکومت نے زمین یا دیگر مراعات فراہم کیں؟ اگر ہاں، تو کن شرائط کے تحت؟، یونیورسٹی چلانے والی سوسائٹی، ادارے یا فرد کے مقاصد کیا ہیں؟ انتظامی کمیٹی کے ارکان کون ہیں اور ان کا انتخاب کیسے ہوا؟، طلبہ کے داخلے کا طریقہ کار کیا ہے؟ کیا داخلہ ضابطے قانون کے مطابق ہیں اور حکومت نے ان کی منظوری دی؟، تدریسی عملے کی بھرتی کس طریقہ سے ہوئی؟ کیا تقرریاں یو جی سی کے قواعد کے مطابق کی گئیں؟ کیا حکومت نے باقاعدہ معائنہ کرنے والی ٹیم تشکیل دی ہے؟ کیا ضابطوں کی خلاف ورزیوں پر کارروائی کی گئی؟، کیا یونیورسٹیاں واقعی "نو پرافٹ، نو لاس" بنیاد پر چل رہی ہیں؟ کیا مالی ریکارڈ، آڈٹ، فنڈز کے استعمال اور بانی یا ان کے اہل خانہ کو کی جانے والی ادائیگیوں کا جائزہ لیا گیا؟، طلبہ اور اساتذہ کی شکایات کے ازالے کے لیے مؤثر نظام موجود ہے؟ موصولہ شکایات پر کیا کارروائی کی گئی؟ کیا تدریسی عملے کو قانون کے مطابق کم از کم تنخواہیں اور یو جی سی ضوابط کے مطابق مراعات دی جا رہی ہیں؟ کیا اس کی جانچ کی گئی؟، شامل ہیں۔ تلنگانہ حکومت نے واضح کیا ہے کہ معائنہ مکمل ہونے کے بعد تمام تفصیلات پر مشتمل حلف نامہ سپریم کورٹ میں داخل کیا جائے گا، جس کے بعد عدالت کی آئندہ ہدایات کے مطابق مزید کارروائی کی جائے۔

### پالمورو-رنگاریڈی لفٹ اریگیشن پروجیکٹ

## 34 ماہ بعد دوسری موٹر کامیابی سے کمیشن، کرشنا کا پانی پمپ ہاؤس تک پہنچا



حیدرآباد۔19/ جولائی (سفیر نیوز/صدائے حسینی) پالمورو-رنگاریڈی لفٹ اریگیشن پروجیکٹ (PRLIP) میں تقریباً 34 ماہ بعد اہم پیش رفت سامنے آئی ہے، جہاں نرلاپور (پمپ ہاس میں دوسری موٹر کو کامیابی کے ساتھ کمیشن کر دیا گیا ہے۔ حکام کے مطابق دوسری موٹر کا ویٹ رن (Wet Run) کامیابی سے مکمل کیا گیا، جس کے دوران دریائے کرشنا کا پانی پوری روانی کے ساتھ پمپ ہاس کے نظام میں بہایا گیا۔ اس کامیاب آزمائش کے بعد متعلقہ حکام نے اسے پروجیکٹ کے لیے ایک اہم سنگ میل قرار دیا ہے۔ عہدیداروں کا کہنا ہے کہ موٹر اور اس سے متعلقہ تمام نظام مؤثر انداز میں کام کر رہے ہیں اور حکومت کی جانب سے باضابطہ احکامات موصول ہوتے ہی پروجیکٹ کو فوری طور پر شروع کیا جا سکتا ہے۔ حکام نے بتایا کہ پالمورو-رنگاریڈی لفٹ اریگیشن پروجیکٹ کے بیشتر تعمیراتی کام، بشمول پمپ ہاس اور موٹروں کی تنصیب، سابق وزیر اعلیٰ کے چندر شیکھر راؤ) کے سی آر (کے دورِ حکومت میں مکمل کیے گئے تھے۔ پروجیکٹ کے حامیوں کا کہنا ہے کہ دوسری موٹر کی کامیاب کمیشننگ سابق وزیر اعلیٰ کے سی آر کے اس خواب کی تکمیل کی جانب ایک اہم قدم ہے، جس کا مقصد تلنگانہ کے خشک سالی سے متاثرہ علاقوں کو آبپاشی اور پینے کے پانی کی سہولت فراہم کرنا تھا۔ حکام نے امید ظاہر کی ہے کہ حکومت کی منظوری ملتے ہی پالمورو-رنگاریڈی لفٹ اریگیشن پروجیکٹ کے ذریعے کرشنا کا پانی باقاعدہ طور پر مختلف اضلاع تک پہنچایا جائے گا، جس سے لاکھوں ایکڑ زرعی اراضی کو فائدہ پہنچنے کی توقع ہے۔

## تلنگانہ کے بعض اضلاع میں آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران بارش کا امکان

حیدرآباد۔19/ جولائی (سفیر نیوز/ صدائے حسینی) محکمہ موسمیات کے علاقائی مرکز نے اتوار کو پیش گوئی کی ہے کہ آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران تلنگانہ کے منچریال، پداپلی، جے شنکر بھوپال پلی، ملوگو، بھدرادری کوتھاگوڈم اور کھمم اضلاع کے بعض مقامات پر موسلا دھار بارش ہونے کا امکان ہے۔ محکمہ نے اپنے یومیہ موسمی بلیٹن میں کہا ہے کہ اسی مدت کے دوران ریاست کے مختلف مقامات پر گرج چمک، آسمانی بجلی اور 30 سے 40 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے تیز ہوائیں چلنے کا بھی امکان ہے۔ بلیٹن کے مطابق آئندہ سات دنوں تک تلنگانہ کے مختلف علاقوں میں 30 سے 40 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے سطحی تیز ہوائیں چلنے کی توقع ہے۔ اس دوران ریاست کے متعدد مقامات پر ہلکی سے درمیانی بارش یا گرج چمک کے ساتھ بارش ہونے کا بھی امکان ظاہر کیا گیا ہے۔

## پرانے شہر میں انٹرمیڈیٹ طالب علم فیض کا بہیمانہ قتل



حیدرآباد۔19/ جولائی (سفیر نیوز/ صدائے حسینی) حیدرآباد کے پرانے شہر میں 17 سالہ انٹرمیڈیٹ فرسٹ ایئر کے طالب علم محمد فیض عرف اذان کو نامعلوم افراد نے بے رحمی سے چاقو مار کر قتل کر دیا۔ یہ واقعہ حیدرآباد کے پرانے شہر میں کالا پتھر تھانہ حدود کے تحت بریانی شاہ ٹیکری درگاہ کے قریب پیش آیا۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق نوجوان پر درگاہ کے قریب نامعلوم حملہ آوروں نے تیز دھار ہتھیاروں سے حملہ کیا۔ حملے میں اسے متعدد چاقو کے زخم آئے اور وہ زخموں سے جانبر نہ ہو سکا۔ اطلاع ملتے ہی کالا پتھر پولیس فوری طور پر موقع پر پہنچ گئی۔ پولیس نے نعش کو پوسٹ مارٹم کے لئے منتقل کیا اور مقدمہ درج کر لیا۔ پولیس نے قتل کی وجوہات کا پتہ لگانے، ملزمین کی شناخت اور انہیں گرفتار کرنے کے لئے تحقیقات شروع کر دی ہیں۔ پولیس مختلف زاویوں سے معاملہ کی تفتیش کر رہی ہے۔

## گجیندر سنگھ شیخاوت نے کرغزستان میں ایس سی او کے ثقافتی وزرا کے اجلاس میں شرکت کی

بشکیک، 19 جولائی ۔ ایم این این۔ مرکزی وزیر ثقافت گجیندر سنگھ شیخاوت نے اتوار کو کرغزستان کے چولپون اتا میں شنگھائی تعاون تنظیم (SCO) کے رکن ممالک کے وزرائے ثقافت کے 23 ویں اجلاس میں ہندوستان کی نمائندگی کی۔ ہفتہ کو، کرغزستان کے ثقافتی اور مادی ورثے کے شعبے کے سربراہ چنار بیک زولدوشیف اور کرغزستان میں ہندوستان کے سفیر بریندر سنگھ یادو نے بشکیک کے ہوائی اڈے پر شیخاوت کا استقبال کیا۔ کرغزستان میں ہندوستانی سفارت خانے نے ایکس پر پوسٹ کیا کہ "شری گجیندر سنگھ شیخاوت، عزت مآب وزیر ثقافت کا بشکیک پہنچنے پر جمہوریہ کرغزستان کے ثقافتی اور مادی ورثہ کے محکمے کے سربراہ چنار بیک زولدوشیف اور سفیر سنگھ نے گرمجوشی سے خیر مقدم کیا۔ کرغزستان نے 2025-2026 کے لیے ایس سی او کی چیئرمین شپ حاصل کی ہے

## جی ایچ ایم سی انتخابات: پہلے ایک میئر کی آدھی نشستیں جیت کر دکھائیں، ملعون راجہ سنگھ کی تنقید

حیدرآباد ۔ 19/ جولائی (سفیر نیوز/ صدائے حسینی) گریٹر حیدرآباد میونسپل کارپوریشن (جی ایچ ایم سی) کی منتخب گورننگ باڈی کی پانچ سالہ مدت اس سال فروری میں مکمل ہونے کے بعد کارپوریشن اس وقت خصوصی افسران کے زیر انتظام چل رہی ہے۔ اسی دوران ریاستی حکومت نے جی ایچ ایم سی کی تنظیمِ نو کرتے ہوئے اسے تین علیحدہ میونسپل کارپوریشنز میں تقسیم کر دیا ہے۔ حکومتی احکامات کے مطابق اب گریٹر حیدرآباد میونسپل کارپوریشن) جی ایچ ایم سی (، سائبرآباد میونسپل کارپوریشن اور ملکاجگیری میونسپل کارپوریشن کے نام سے تین الگ کارپوریشنز وجود میں آ چکی ہیں۔ اطلاعات کے مطابق ان کارپوریشنز کے انتخابات رواں سال کے اختتام تک کرائے جانے کا امکان ہے۔ اسی پس منظر میں جی ایچ ایم سی انتخابات میں تینوں میئر نشستیں جیتنے سے متعلق بی جے پی رہنماں کے دعوں پر پارٹی سے خارج شدہ رہنما راجہ سنگھ نے سخت ردِعمل ظاہر کیا ہے، جس کی ویڈیو سوشل میڈیا پر تیزی سے وائرل ہو رہی ہے۔ راجہ سنگھ نے کہا کہ "میڈیا، عوامی جلسوں اور اخبارات میں مسلسل یہ دعوے کیے جا رہے ہیں کہ بی جے پی جی ایچ ایم سی کی تینوں میئر نشستیں جیت لے گی۔ میں کہتا ہوں تین نہیں، ایک بھی نہیں۔ پہلے ایک ہی میئر نشست میں آدھی سیٹیں جیت کر دکھائیں، پھر بڑی بڑی باتیں کریں۔ راجہ سنگھ کے یہ بیانات سوشل میڈیا پر موضوعِ بحث بن گئے ہیں۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ ان کے اس چیلنج پر بی جے پی قیادت یا پارٹی رہنما کیا ردِعمل ظاہر کرتے ہیں۔

## منشیات فروشوں پر حیدرآباد پولیس کا شکنجہ، 563 این ڈی پی ایس مقدمات درج

حیدرآباد۔19/ جولائی (سفیر نیوز/صدائے حسینی) حیدرآباد سٹی پولیس نے شہر کو منشیات سے پاک بنانے کی جامع مہم کے تحت جون 2025 سے جون 2026 کے درمیان این ڈی پی ایس ایکٹ کے تحت 563 مقدمات درج کیے اور 22.17 کروڑ روپے مالیت کی ممنوعہ منشیات ضبط کی ہیں۔ اتوار کو جاری پولیس بیان کے مطابق ضبط کی گئی منشیات میں 2,513 کلوگرام گانجا) مالیت 12.56 کروڑ روپے(، 55.3 لیٹر حشیش آئل (6.91) کروڑ روپے(، 1,626 گرام ایم ڈی ایم اے 1.62) کروڑ روپے(، 129 گرام کوکین 4.5) لاکھ روپے(، 120 گرام ہیروئن 24) لاکھ روپے(، 570 ایل ایس ڈی بلوٹس 17.1) لاکھ روپے (اور 220 گرام افیون شامل ہیں۔ سب سے زیادہ مقدمات جوبلی ہلز زون میں 116 درج کیے گئے، اس کے بعد سکندرآباد میں 99، گولکنڈہ میں 95، چارمینار میں 90، راجندرنگر میں 84، خیرت آباد میں 49 اور شمش آباد میں 30 مقدمات درج ہوئے۔ منشیات کے خلاف مہم کے تحت پولیس نے حال ہی میں منگر بستی میں "آپریشن تھنڈر بولٹ کے نام سے بڑی کارروائی کی، جس میں 1,100 سے زائد پولیس اہلکاروں نے حصہ لیا۔ اس دوران گانجا اور غیر قانونی شراب ضبط کی گئی اور مقامی منشیات فروش نیٹ ورک کو نشانہ بنایا گیا۔ پولیس بین ریاستی منشیات کی سپلائی چین کو ختم کرنے کے لیے این سی بی، ڈی آر آئی اور ایگل سمیت مختلف ایجنسیوں کے ساتھ بھی قریبی رابطے میں کام کر رہی ہے۔

## مرکزی انجمن ماتمی گروہاں (2) کے صدر مجتبیٰ موسوی عرف مجو سمیت دیگر کے خلاف اقدامِ قتل، چیٹنگ اور جعل سازی کے الزامات پر ایف آئی آر درج



حیدرآباد، نمائندہ صدائے حسینی: گولکنڈہ پولیس نے عاشورخانہ حضرت عباسؑ، قلعہ پلتن میں پیش آئے واقعہ کے سلسلے میں مرکزی انجمن ماتمی گروہاں کے صدر مجتبیٰ موسوی عرف مجو اور دیگر کے خلاف اقدامِ قتل، چیٹنگ، جعل سازی، مجرمانہ دھمکی، غیر مجاز مداخلت اور دیگر متعلقہ دفعات کے تحت درج کرتے ہوئے تحقیقات کا آغاز کر دیا ہے۔ پولیس میں درج شکایت کے مطابق ملزم پر الزام ہے کہ اس نے مبینہ طور پر عاشورخانہ حضرت عباسؑ کی انتظامیہ کے اختیارات کی غلط نمائندگی کی، مذہبی سرگرمیوں میں مداخلت کی، عوام میں انتشار پیدا کیا اور 13 جولائی کی شب سالانہ ماتم کے موقع پر پیش آئے واقعہ میں مبینہ طور پر امن و امان کی صورتحال کو متاثر کیا۔ شکایت میں اقدامِ قتل، دھوکہ دہی، جعل سازی، مذہبی عبادت میں خلل اور دیگر قابلِ دست اندازی پولیس جرائم کے الزامات بھی شامل ہیں۔

## بھارت نے آذربائیجان میں اپنے عالمی ثقافتی ورثے کے مقامات پر مستقل نمائش کا آغاز کیا

باکو، 19 جولائی (ایم این این) آذربائیجان میں ہندوستان کے سفارتخانے نے باکو میں اپنے احاطے میں ہندوستان کے یونیسکو کے عالمی ثقافتی ورثے کے مقامات پر ایک مستقل نمائش کا افتتاح کیا ہے، جس میں ہندوستان کے امیر ثقافتی اور قدرتی ورثے کا جشن منایا گیا ہے اور لوگوں کے درمیان تعلقات کو مزید مضبوط بنایا گیا ہے۔ ہفتہ کو منعقد ہونے والی اس خصوصی تقریب میں متعدد ممالک کے سفیروں اور سفارت کاروں، آذربائیجانی پارلیمنٹ کے اراکین، کاروباری برادری کے نمائندوں، ٹور اینڈ ٹریول آپریٹرز، معروف میڈیا تنظیموں، سوشل میڈیا پر اثر انداز کرنے والے اور ہندوستانی تارکین وطن کے اراکین نے شرکت کی۔ نمائش کا افتتاح آذربائیجان میں ہندوستان کے سفیر ابھے کمار اور یو این ہیبی ٹیٹ آذربائیجان کے کنٹری پروگرام کی سربراہ اینا سووے نے مشترکہ طور پر کیا۔ انہوں نے ایک ساتھ مل کر 17 نمائشی پینلز کے ایک متحرک ڈسپلے کی نقاب کشائی کی جس میں ہندوستان کے سب سے مشہور ثقافتی اور قدرتی نشانات کے انتخاب کو نمایاں کیا گیا ہے جو یونیسکو کی طرف سے ان کی شاندار آفاقی قدر کے لیے تسلیم کیے گئے ہیں۔ اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے، سفیر کمار نے کہا کہ ہندوستان دنیا کی قدیم ترین مسلسل تہذیبوں میں سے ایک ہے، جس کی ثقافتی میراث ہزاروں سال پرانی ہے۔ انہوں نے نوٹ کیا کہ ہندوستان 44 یونیسکو کے عالمی ثقافتی ورثہ سائٹس کا گھر ہے، جن میں 36 ثقافتی مقامات، سات قدرتی سائٹس، اور ایک مخلوط سائٹ شامل ہے، جو نہ صرف ہندوستان کے غیر معمولی ورثے کی نمائندگی کرتی ہے بلکہ انسانیت کے مشترکہ ورثے کی بھی نمائندگی کرتی ہے۔

## مجلس عزا سالانہ بسلسلہ شہادت شہزادی سکینہؑ بنت الحسینؑ

حیدرآباد۔19/ جولائی (راست) مجلس عزا سالانہ بسلسلہ شہادت شہزادی سکینہ بنت الحسینؑ بتاریخ 5/صفر المظفر بروز پیر بتاریخ 20/ جولائی بوقت 12:14 شب بمقام حسینہ عنایت جنگ منڈی میر عالم مقرر ہے۔ جس میں ذاکر خامس آل عباء مولانا سید ضیاء عباس نقوی صاحب بیان فرمائیں گے۔ سواری علم مبارک برآمد ہو کر 'زندان شام' ماتم کدہ حسینیؑ پہنچ کر واپس آئیگی۔ مدعو ماتمی انجمنیں ماتم کا نذرانہ پیش کریں گے۔

چشم براہ: خادمان حسینہ عنایت جنگؒ بہادر۔



















ایڈیٹر، پرنٹر، پبلشر و مالک سید جعفر حسین نے روزنامہ 'صدائے حسینی' کو سری شیشائی انٹرپرائزز' پلاٹ نمبر 19' آئی ڈی اے بالانگر' آر آر ڈسٹرکٹ' تلنگانہ 037 500 (انڈیا) سے چھپوا کر 146/306-7-18' امان نگر (اے) سے شائع کیا۔ رجسٹرڈ نمبر: RNI No.APURD/2009/30780' پوسٹل رجسٹریشن نمبر HSE/910/213/215۔